بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا ۚ وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر امریکا

حزب التحرير HIZB UT TAHRIR

جمعرات، 19 ذی الحجہ، 1439ھ | 30/08/2018 | نمبر: 1439 AH/02

پریس ریلیز

# حزب التحریر امریکا کی جانب سے ایک وفد نے واشنگٹن میں پاکستانی سفارت خانے کو پاکستان میں بہن رومانہ اور بہن روشن کے اغوا کے حوالے سے دو پریس ریلیز حوالے کیں

حزب التحریر امریکا کی جانب سے ایک وفد نے پاکستانی سفارت خانے کو پاکستان میں بہن رومانہ اور بہن روشن کو ان کے شوہر کے ہمراہ اغوا کرنے کے حوالے سے دو پریس ریلیز حوالے کیں۔ ان بہنوں کا "جرم" یہ ہے کہ وہ اسلام کے حکمرانی کے بحالی کے ذریعے مسلمانوں کے کھوئے ہوئے مقام کو واپس لانے کی جدوجہد کر رہیں تھیں۔۔۔ لیکن لگتا ہے کہ پاکستان کے حکمران اللہ سبحانہ و تعالیٰ کے ان الفاظ کو بھول گئے ہیں یا بھولنے کا ڈرامہ کر رہے ہیں:

﴿إِنَّ الَّذِينَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ثُمَّ لَمْ يَتُوبُوا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيقِ﴾

"بے شک جنہوں نے ایذا دی مسلمان مردوں اور عورتوں کو، پھر توبہ نہ کی، ان کے لئے جہنم کا عذاب ہے" (البروج: 10)،

اور رسول اللہ ﷺ کے ان الفاظ کو بھی بھول گئے ہیں:

«إِنَّ اللَّهَ قَالَ: مَنْ عَادَى لِي وَلِيًّا فَقَدْ آذَنْتُهُ بِالْحَرْبِ»

"جو کوئی اللہ کے دوستوں کے خلاف دشمنی کا مظاہرہ کرتا ہے، وہ اللہ کو اپنا دشمن پائے گا"۔

ہم اللہ سبحانہ و تعالیٰ سے بہن رومانہ، بہن روشن اور ان کے شوہر اور بھائی نوید بٹ کی رہائی کی بھی دعا کرتے ہیں جو ان سے کئی سال پہلے اغوا کر لیے گئے تھے۔

## حزب التحریر - امریکا

ٹیلیفون / فیکس: 1+ (202) 930-1924
ویب سائٹ: www.hizb-america.org